اسٹیٹ بینک آف پاکستان

ایس بی پی بینکنگ سروسز کارپوریشن (SBP-BSC)

سیکیورٹی گارڈز کی بھرتی

ایس بی پی بینکنگ سروسز کارپوریشن (SBP-BSC) اسٹیٹ بینک آف پاکستان کا ذیلی ادارہ ہے جس کے ملک بھر میں 16 دفاتر ہیں۔ بینک اپنے سیکیورٹی نظام کو مزید فعال بنانے کیلئے مطلوبہ اہلیت اور تجربے کے حامل پاکستان/آزاد کشمیر کی شہریت رکھنے والے امیدواروں کو کنٹریکٹ کی بنیاد پر سیکیورٹی گارڈ رکھنے کا خواہشمند ہے۔

منصبی ذمہ داریاں:

سیکیورٹی گارڈز مندرجہ ذیل ذمہ داریاں سرانجام دیں گے:

- ☆ اسٹیٹ بینک کی حدود میں تمام داخلی اور خارجی راستوں کی حفاظت کرنا۔
- ☆ سیکیورٹی سے متعلق مشقوں کے انتظام میں معاونت کرنا۔
- ☆ بینک کی حدود میں کسی بھی قسم کا اسلحہ، دھماکہ خیز اور دیگر ممنوعہ مواد لائے جانے کی روک تھام کو یقینی بنانا۔
- ☆ بینک میں نصب شدہ سیکیورٹی کے آلات، مثلاً سی سی ٹی وی کیمروں، واک تھرو گیٹس، ہائیڈرولک روڈ بلاکرز، بیگیج اسکیننگ مشینوں وغیرہ کا استعمال کرنا۔
- ☆ بینک میں ہونے والی کسی بھی قسم کی مشکوک سرگرمی سے متعلقہ افسران کو آگاہ کرنا۔
- ☆ کوئی بھی دیگر ذمہ داری، جو اعلیٰ افسران کی جانب سے سونپی جائے۔

اہلیت کا معیار

تعلیم: کم از کم میٹرک۔ بلوچستان کا ڈومیسائل رکھنے والے کم از کم مڈل (آٹھویں جماعت) تعلیمی اہلیت کے حامل امیدوار بھی درخواست دے سکتے ہیں۔

تجربہ: امیدوار مسلح افواج (آرمی، نیوی، ائرفورس) میں کم از کم دس (10) سال ملازمت کے بعد میڈیکل کیٹگری 'AYE' اور Exemplary یا Very Good چال چلن کے سرٹیفکیٹ سے ریٹائر ہوئے ہوں۔ وہ امیدوار جو اپنی ملازمت کی کم از کم مدت پوری کر چکے ہوں اور اس اشتہار کی اشاعت سے دو مہینے کے اندر اندر ملازمت کے لیے دستیاب ہوں بھی درخواست دینے کے اہل ہیں۔

قد: پانچ فٹ چھ انچ۔

عمر کی حد: درخواستیں جمع کرنے کی آخری تاریخ کو 30 سے 48 سال کے درمیان۔

انتخاب کا طریقہ کار

شارٹ لسٹ کیے گئے امیدواروں کو انٹرویو کے لیے سلیکشن بورڈ کے سامنے پیش ہونا ہوگا۔ بینک کا میڈیکل افسر انٹرویو میں کامیاب ہونے والے امیدواروں کا طبی معائنہ کرے گا۔ میڈیکل فٹنس اور انٹرویو کی بنیاد پر منتخب امیدواروں کی ابتدائی فہرست ان کے کوائف کی تصدیق کیلئے مسلح افواج کے متعلقہ ہیڈکوارٹرز کو ارسال کی جائیں گی۔ کوائف کی تصدیق کے بعد منتخب امیدواروں کی ابتدائی طور پر کنٹریکٹ کی بنیاد پر دو (2) سال کے لیے تقرری عمل میں آئے گی، جس میں مزید توسیع امیدوار کی کارکردگی اور چال چلن کی بنیاد پر ہوسکتی ہے۔ کسی بھی قسم کی غلط بیانی اور غیر تسلی بخش رپورٹ موصول ہونے کی صورت میں امیدوار کو تقرری کیلئے نااہل تصور کیا جائے گا۔

تنخواہ و دیگر مراعات

منتخب سیکیورٹی گارڈز کو بینک کے قواعد کے مطابق میڈیکل اور دیگر متعلقہ سہولتوں سمیت ماہانہ 20,000 روپے (مبلغ بیس ہزار روپے) تنخواہ کی پیشکش کی جائے گی۔

تعیناتی کا مقام

سیکیورٹی گارڈز کو بینک کے ہیڈ آفس کراچی یا دفاتر واقع بہاولپور، ڈی آئی خان، فیصل آباد، گوجرانوالہ، حیدرآباد، اسلام آباد، لاہور، ملتان، مظفرآباد، پشاور، کوئٹہ، راولپنڈی، سیالکوٹ اور سکھر میں تعینات کیا جا سکتا ہے۔

درخواستیں دینے کا طریقہ کار

دلچسپی رکھنے والے پاکستانی اور آزاد کشمیر کے شہری جو مندرجہ بالا معیار پر پورے اترتے ہوں، سیکیورٹی گارڈ کی اسامی (کنٹریکٹ کی بنیاد پر) کے لیے نیچے دیے گئے فارم پر درخواست دے سکتے ہیں۔ کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ کی ایک تصدیق شدہ نقل اور حالیہ تصویر درخواست سے منسلک ہونی چاہئیں۔ درخواستیں 13 فروری 2012ء تک درج ذیل پتے پر پہنچ جانی چاہئیں:

ڈائریکٹر

پرسنیل مینجمنٹ ڈپارٹمنٹ

اسٹیٹ بینک آف پاکستان

ایس بی پی بینکنگ سروسز کارپوریشن، ہیڈ آفس

آئی آئی چندریگر روڈ

کراچی

ازراہ کرم لفافے پر اس اسامی کا نام لکھیں، جس کے لیے درخواست دی گئی ہو۔

صرف شارٹ لسٹ کیے گئے امیدواروں سے رابطہ کیا جائے گا۔ نامکمل یا تاخیر سے موصول ہونے والی درخواستوں کو ناقابلِ قبول تصور کیا جائے گا۔ غلط معلومات فراہم کرنے یا بھرتی کے عمل پر اثرانداز ہونے کی کوشش کی صورت میں امیدوار کو بینک میں موجودہ اور آئندہ کسی بھی اسامی پر تقرری کے لیے قطعاً نااہل قرار دے دیا جائے گا، خواہ وہ دیگر معیارات پر پورا اترتا ہو۔